# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

### اسکالر جی پی ایس ایٹ دی ریٹ آر کے مطابق جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پروفیسر سوشانت گھوش بلیک ہول تحقیق میں دنیا میں دوسرے نمبر ہیں

New Delhi, May 30, 2025

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے لیے یہ امر باعث افتخار ہے کہ سینٹر فار تھیوریٹیکل فیزکس کے سینئر فیکلٹی رکن اور پروفیسر سوشانت جی گھوش کو اسکالر جی پی ایس ایٹ دی ریٹ آر نے دو ہزار چوبیس کا سب سے ہائی رینک کا اسکالر تسلیم کیا ہے جس نے بلیک ہول طبیعیات تحقیق کے میدان میں دنیا میں دوسرا سب سے اعلی مقام حاصل کیا ہے۔اس موقر انعام کی مدد سے بلیک ہول تحقیق کے میدان میں وہ دنیا کے سرکردہ صفر اعشاریہ صفر پانچ اہم اسکالروں میں سے ایک ہوگئے ہیں جس سے گزشتہ پانچ برسوں میں غیر معمولی پروڈکٹویٹی، اثر اور دیرپا اعلی معیار کا پتہ چلتا ہے۔واضح رہے کہ یہ اعتراف دو سو ملین سائنسی مقالات اور دنیا بھر میں تیس ملین سے زیادہ مصنفین کی پروفائل کے جامع ببلیو میٹرک تجزیے پر مبنی ہے۔

اسکالر جی پی ایس ایٹ دی ریٹ آر ایک عالمی پہل کرنے والا پلیٹ فارم ہے جو جائزے کے لیے ترقی یافتہ الگورتم بروئے کار لاتا ہے اور اسکالروں کو متعدد فیکٹرز بشمول رسرچ کی پیداوار، اثر اور معیار کے انھیں رینک دیتا ہے۔رسرچ پرڈوکٹیویٹی کی پیائش پیر ریویوڈ مقالات ہوتی ہے جسے مصنف نے تحریر کیا ہے۔امپیکٹ کا اندازہ ان مقالات اور پبلی کیشن کے حوالوں سے لگایا جاتا ہے جو دنیا بھر میں لوگ ان سے استفادہ کرکے حوالہ دیتے ہیں اور خود جو حوالہ دیا کو اسے دھیان سے ہٹا کر ان کو شمار کیا جاتا ہے۔معیار کا جائزہ ایچ انڈیک سے ہوتا ہے جس میں پروڈکٹیویٹی اور حوالہ امپیکٹ دونوں ظاہر ہوتے ہیں۔اسکالر جی پی ایس ایٹ دی ریٹ مزید کو آتھر شپ کو بھی مختلف مصنفین کی تحقیقات کے اندازہ قدر کے لیے شمار کرتی ہے اور تحقیق کو تین سو پچاس ہزار سے زیادہ واضح مخصوص اور ایک سو ستہتر علمی شعبوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

پروفیسر گھوش کی تحقیق کا پروفائل بلیک ہول فیزیکس میں نظریاتی اور مشاہداتی جہات کی وجہ سے ممتاز اور نمایاں ہے۔ان کی خدمات میں بلیک ہول کے ارد گرد گردش میں اسپیس ٹائم کے قوانٹم اصلاحات میں تحقیق،فوٹون رنگ  کی مفصل ماڈلنگ،اور بلیک ہول کی منعکس پرچھائیاں شامل ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ پرقوت مقناطیسی لینسنگ مطالعات بھی ہے جس نے روشنی کو انتہائی کشش والے میدان کی بینڈنگ کے سلسلے میں سمجھ کو بہتر کرتا ہے

شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف نے پروفیسر سوشانت گھوش کو ان کی اس غیر معمولی کامیابی پر مبارک باد دی ہے اور بلیک ہول فیزکس میں دنیا بھر میں دوسرے سب سے بہتر اسکالر کی حیثیت سے شمار کیے جانے کے لیے انھیں مبارک دی ہے۔ پروفیسر آصف نے مزید کہا کہ جامعہ فیکلٹی اراکین کی اس نوع کی حصولیابیاں عالمی سطح پر جدید سائنس اور تعلیمی قیادت کے تئیں جامعہ کے عہد کو مثال کی صورت پیش کرتی ہیں۔

قابل ذکر ہے کہ پروفیسر گھوش سی ٹی پی گروپ کا بھی حصہ تھے جسے سال دو ہزار پندرہ میں صدر جمہوریہ ہند کا ویزیٹر ایوارڈ ملا تھا۔انھوں دو ہزار اٹھارہ میں فل برائٹ فیلو اعزاز سے بھی نوازا گیا تھا اور انھیں آئی او پی پبلشنگ ٹاپ سائٹیڈ پیپر ایوارڈ بھی مل چکا ہے اور سال دو ہزار بائیس میں چار اور سال دو ہزار چوبیس میں ایک انعام بھی مل چکا ہے۔انھیں اسٹین فورڈ یونیورسٹی کے سال دو ہزار بیس اور چوبیس میں دنیا بھر میں موقر سر کردہ دو فیصد سائنس دانوں میں بھی جگہ ملی تھی۔

یادرہے کہ اسکالر جی پی ایس ایٹ دی ریٹ آر ایک بین الاقوامی تسلیم شدہ تجزیاتی پلیٹ فارم ہے جو محققین کی تحقیق کے معیار کی بنیاد پر کوئی مقام دیتا ہے اور ہر خاص میدان میں اہم لوگوں کی شناخت کا کام آسان کرتا ہے۔ یہ دنیا بھر کے اداروں اور محققین کو مظاہرے کو طے کرنے ،اشتراکات کو آسان بنانے اور فضیلت کے فروغ میں تعاون دیتا ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر گھوش کو ان کی عالمی شناخت اور انھیں عالمی پیمانے پر تسلیم کیے جانے کے لیے مبارک باد پیش کرتا ہے جو ان کی انفرادی فضیلت کی تکریم کرتا ہے اور اعلی سائنسی تحقیق اور جدت کی نشو ونما اور اسے صیقل کرنے کے تئیں یونیورسٹی کے عہد کو ظاہر کرتا ہے۔ یونیورسٹی کو فخر ہے کہ وہ ایسے اہم کام کرتی ہے جو جامعہ کو سائنسی انکشاف کے اسٹیج پر ایک اہم مقام دلاتے ہیں۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی ،تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ